آیت سجدہ سننے اور امام کے سجدہ کرنے کے بعد میں نماز میں شامل ہونے کا حکم

مجیب: مولانا عابد عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-1764

تاریخ اجراء: 01 محرم الحرام 1446ھ / 08 جولائی 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

جو شخص مسجد میں جماعت میں شریک نہ ہو، بلکہ ابھی وضو کر رہا ہو یا جماعت میں ملنے کے لیے صحنِ مسجد یا فنائے مسجد تک پہنچا ہو، لیکن ابھی جماعت سے ملا نہیں، تو امام صاحب کی قراتِ تراویح میں سجدۂ تلاوت آگیا، جو امام صاحب نے جماعت ہی میں ادا کر دیا، تو کیا اس شخص پر بھی یہ سجدہ واجب ہے جبکہ یہ اس وقت تک جماعت میں شامل نہیں ہوا تھا؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

نماز میں امام نے آیت سجدہ پڑھی، تو جو شخص وضو خانے میں یا اس کے علاوہ کسی جگہ موجود ہے اور اس نے آیت سجدہ بھی سنی ہے، تو اس پر سجدۂ تلاوت واجب ہے۔ فی الحال نماز میں امام کے ساتھ شامل ہو جائے اور نماز ختم کرنے کے بعد یہ سجدہ تلاوت ادا کرے، البتہ اگر یہ مقتدی اسی رکعت میں امام کے ساتھ شامل ہو جاتا ہے جس رکعت میں آیتِ سجدہ تلاوت کر کے سجدہ کر لیا گیا تو اس پر الگ سے سجدہ کرنا واجب نہیں ہو گا۔

نمازی سے آیت سجدہ سننے والے پر سجدہ تلاوت واجب ہو جاتا ہے جیسا کہ ہدایہ میں ہے: "ولو سمعھا رجل خارج الصلاۃ سجدھا ھو الصحیح" یعنی صحیح قول یہ ہے کہ آیت سجدہ خارج نماز میں سنی تو بھی سجدہ کرے گا۔

(ھدایۃ مع البنایۃ، جلد 3، صفحہ 224، مطبوعہ: ملتان)

آیت سجدہ سننے پر سجدہ تلاوت واجب ہونے کی صورتیں بیان کرتے ہوئے صدر الشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں: "قاری نے آیت سجدہ پڑھی مگر دوسرے نے نہ سنی تو اگرچہ اسی مجلس میں ہو، اس پر سجدہ واجب نہ ہوا، البتہ نماز میں امام نے پڑھی تو مقتدیوں پر واجب ہو گیا اگرچہ نہ سنی ہو بلکہ اگرچہ آیت پڑھتے وقت

وہ موجود بھی نہ تھا، بعد پڑھنے کے سجدہ سے پیشتر شامل ہوا، **اور اگر امام سے آیت سنی** مگر امام کے سجدہ کرنے کے بعد اسی رکعت میں شامل ہوا تو امام کا سجدہ اس کے لیے بھی ہے **اور دوسری رکعت میں شامل ہوا تو نماز کے بعد سجدہ کرے۔ یوہیں اگر شامل نہ ہوا جب بھی سجدہ کرے۔**" (بہار شریعت، جلد1، صفحہ728، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

دار الافتاء اہلسنت
DARUL IFTA AHLESUNNAT

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net